# ہدایات برائے لواحقین سرکاری ملازمین

## بصورت دوران سروس وفات

اسلام علیکم، میری تمام سرکاری ملازمین سے درخواست ہے کہ اس قیمتی صفحے کا ایک پرنٹ اپنے گھر لازمی رکھیں۔

دیکھنے میں آیا ہے بلکہ ایسا لازم ہے کہ دوران سروس وفات پانے والے سرکاری ملازمین کے لواحقین کو بہت زیادہ ذلیل ورسوا کیا جاتا ہے جب وہ واجبات کے لیے متعلقہ محکمہ سے رابطہ کرتے ہیں، جب سرکاری ملازم کی وفات دوران سروس ہوتی ہے تو لواحقین بالکل لاعلم ہوتے ہیں کہ اس کے واجبات کیسے ملیں گے، کتنے واجبات ملیں گے، ان کا طریقہ کار کیا ہے،

تو یہ تحریر پڑھ کر سرکاری ملازمین کے لواحقین کو انشاءاللہ کوئی پریشانی نہیں ہوگی۔

## وفات کے فوری بعد کرنے والے کام

1۔ سب سے پہلے یونین کونسل سے ڈیتھ سرٹیفکیٹ بنوائیں، سرٹیفکیٹ بنواتے وقت اس چیز کا خیال رکھیں کے تاریخ، نام اور شناختی کارڈ نمبر بالکل درست ہونے چاہئیں۔

2۔ وفات پانے والے سرکاری ملازم / ملازمہ کی سروس بک کو اپنے پاس سنبھال کر رکھیں، اس کے بغیر کوئی بھی واجبات نہیں ملیں گے۔

3۔ یونین کونسل سے ڈیتھ سرٹیفکیٹ بنوانے کے بعد بیوہ محکمہ کو ڈیتھ نوٹیفکیشن جاری کرنے کی درخواست لکھے، جس کے ساتھ یونین کونسل کا جاری کردہ سرٹیفکیٹ لف کرے۔ یاد رہے کہ محکمہ کی طرف سے ڈیتھ نوٹیفکیشن کے جاری ہونے سے پہلے کوئی بھی کاروائی شروع نہیں ہو سکتی۔

4۔ ڈیتھ نوٹیفکیشن جاری ہونے کے بعد سرکاری ملازمین کے لواحقین کو 8 قسم کے واجبات ملیں گے اور اگر فوت ہونے والا ملازم گزیٹیڈ ہے تو 9 قسم کے واجبات ملیں گے۔

Scanned with CamScanner

## 7۔ چار مہینے کی تنخواہ (FOUR MONTH SALARY)

Last Gross Salary Multiply by 4=Amount

## 8۔ الوداعی گرانٹ (FAREWELL GRANT)

Farewell Grant Equal to Last Basic Pay and Only for Gazetted Servants.

## 9۔ جی پی فنڈ فائنل (GP FUND FINAL)

GP Fund Slip will be Issue District Account Office.

## 10۔ پنشن / تنخواہ (PENSION/SALARY OSD POST)

مورخہ 22-02-2017 کے بعد جس کی بھی آن سروس ڈیتھ ہوئی ہے یا ہو گی انکی بیوہ یا شوہر کو فوت ہونے والے ملازم کی ریٹائرمنٹ کی تاریخ تک پوری تنخواہ ملے گی، سادہ الفاظ میں تنخواہ کے حساب سے ملازم زندہ رہتا ہے، ساٹھ سال کی عمر پوری ہونے کے بعد پنشن بن جائے گی اور ساتھ ہی گریجویٹی ملے گی۔

امید کرتا ہوں میری یہ چھوٹی سی کاوش آپ سب کے لیے مفید رہے گی، اپنی طرف سے بہت اچھے سے مختصر الفاظ میں سمجھایا ہے، دعاؤں میں یاد رکھیے گا مزید آن سروس ڈیتھ کیس کے حوالے سے کوئی بھی معلومات درکار ہوں تو آپ کا بھائی حاضر ہے، کسی قسم کے پیسوں اور رشوت کے بغیر آپ کو نیک نیتی کے ساتھ رہنمائی کی جائے گی۔

---

Scanned with CamScanner

## 3۔ کفن دفن گرانٹ (FUNERAL GRANT)

| نمبر شمار | سکیل | رقم |
|---|---|---|
| .1 | گزیٹڈ ملازمین | 20000 بیس ہزار |
| .2 | نان گزیٹڈ ملازمین | 12000 بارہ ہزار |

## 4۔ تعلیمی وظیفہ (EDUCATION SCHOLARSHIP)

| نمبر شمار | سکیل | تعلیم | رقم |
|---|---|---|---|
| .1 | سکیل 1 تا 15 | پرائمری تا میٹرک | 3000 تین ہزار |
| | | انٹر، بیچلر، ماسٹر | 6000 چھ ہزار |
| .2 | سکیل 16 تا 22 | پرائمری تا میٹرک | 10000 ہزار روپے |
| | | انٹر، بیچلر، ماسٹر | 20000 بیس ہزار روپے |

## 5۔ ماہانہ امداد (MONTHLY GRANT)

| نمبر شمار | سکیل | رقم |
|---|---|---|
| .1 | گزیٹڈ ملازمین | 2550 روپے ماہانہ |
| .2 | نان گزیٹڈ ملازمین | 5000 روپے ماہانہ |

## 6۔ لیو انکیشمنٹ (LEAVE ENCASHMENT)

**Total Leave in Account Divide by 30 and Multiply by Last Basic Salary=Amount**

Scanned with CamScanner

# واجبات کی رقم کتنی ہو گی؟

## 1۔ مالی امداد (FINANCIAL ASSISTANT)

**Vide No. FD. SR.I/3-10/2004 Dated 15-08-2017 Sr. No 1 w.e.f 22-02-2017.**

| نمبر شمار | سکیل | رقم |
|---|---|---|
| 1. | سکیل 1 تا سکیل 4 | 1600000 سولہ لاکھ روپے |
| 2. | سکیل 5 تا سکیل 10 | 1900000 انیس لاکھ روپے |
| 3. | سکیل 11 تا سکیل 15 | 2200000 بائیس لاکھ روپے |
| 4. | سکیل 16 تا سکیل 17 | 2500000 پچیس لاکھ روپے |
| 5. | سکیل 18 تا سکیل 19 | 3400000 چونتیس لاکھ روپے |
| 6. | سکیل 20 اور اس سے زیادہ کے لیے | 4000000 چالیس لاکھ روپے |

## 2۔ گروپ انشورنس (GROUP INSURANCE)

**Vide No. Sec (Funds) S&GAD/GI/1-2/2005 Dated 06-02-2008 read with FD.SR-1/3-3/2017 Dated 29-09-2017**

| نمبر شمار | سکیل | رقم |
|---|---|---|
| 1. | سکیل 1 تا سکیل 4 | 150000 ڈیڑھ لاکھ روپے |
| 2. | سکیل 5 تا سکیل 10 | 200000 دو لاکھ روپے |
| 3. | سکیل 11 تا سکیل 15 | 300000 تین لاکھ روپے |
| 4. | سکیل 16 | 450000 چار لاکھ پچاس ہزار روپے |
| 5. | سکیل 17 | 600000 چھ لاکھ روپے |
| 6. | سکیل 18 | 875000 آٹھ لاکھ پچھتر ہزار روپے |
| 7. | سکیل 19 | 1050000 دس لاکھ پچاس ہزار روپے |
| 8. | سکیل 20 اور اس سے زیادہ کے لیے | 1250000 بارہ لاکھ پچاس ہزار روپے |

Scanned with CamScanner

8۔ماہانہ امداد(یہ رقم بیوہ کو DCO کی طرف سے بہبود فنڈ کی مد میں ہر مہینے دی جاتی ہے جو کہ سکیل وائز الگ الگ ہے، آخری صفحہ پر ملاحظہ کیجئے۔

9۔الوداعی گرانٹ(یہ صرف گزیٹڈ کو ملتی ہے جو کہ ملازم کی آخری ایک تنخواہ کے برابر ہوتی ہے)

## لواحقین میں سے ایک فرد کو نوکری

دوران سروس وفات پانے والے ملازم / ملازمہ کے کسی ایک بچے کو رول 17-A کے تحت محکمہ نوکری دینے کا پابند ہوتا ہے، اگلا سوال یہ ہوتا ہے کہ کونسی پوسٹ پر جاب ملتی ہے۔

1۔اگر آپکی تعلیمی قابلیت انٹرمیڈیٹ سے کم ہے تو آپ سکیل 1 کی جاب لے سکتے ہیں، اس کے لیے آپ کو کس ٹیسٹ دینے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

2۔اگر آپکی تعلیمی قابلیت انٹرمیڈیٹ سیکنڈ ڈویژن ہو تو آپ سکیل 11 کی جونیئر کلرک کی جاب لے سکتے ہیں جس کے لیے آپ سے ٹائپنگ ٹیسٹ 25 الفاظ / منٹ کے حساب سے پاس کرنا ہوگا۔

3۔اگر آپ کی تعلیمی قابلیت اچھی ہے اور آپ اس محکمہ کی کسی بھی پوسٹ کے لیے درخواست دیتے ہیں اور پاس کرتے ہیں تو فائنل میرٹ میں آپ رول 17.A کے تحت 10 نمبر حاصل کر سکتے ہیں،

مرد کے فوت ہونے کی صورت میں بیوہ جاب لے سکتی ہے، عورت کے فوت ہونے پر مرد نہیں۔

نوٹ: رول 17۔A کے تحت آپ ایک ہی دفعہ اپنا حق لے سکتے ہیں، ٹیسٹ اگر ایک دفعہ پاس نہیں ہوتا تو آپ بار بار اپلائی کر سکتے ہیں۔

Scanned with CamScanner

5۔ دوران سروس فوت ہونے والے ملازم کے لواحقین عدالت میں جانشینی سرٹیفکیٹ کے لیے فوری طور پر درخواست دے دیں کیوں تنخواہ/ پنشن اور مالی امداد کے واجبات بغیر جانشینی سرٹیفکیٹ کے نہیں ملتے، اس لیے اس کے لیے فوری درخواست دائر کریں، کیوں کہ اس میں ٹائم لگ جاتا ہے۔ جانشینی سرٹیفکیٹ اب نادرہ سے بھی حاصل کیا جا سکتا ہے۔

6۔ بیوہ کو تمام واجبات مل جائیں گے، لیکن اگر وہ دوسری شادی کرے گی تو اس کی تنخواہ/ پنشن بند ہو جائے گی۔

7۔ بیوہ یا شوہر نو میرج No Marriage سرٹیفکیٹ بھی دیں گے، جو کسی بھی سٹامپ فروش سے بآسانی لیا جا سکتا۔

## دوران سروس وفات کی صورت میں واجبات کی اقسام

1۔ چار مہینے کی تنخواہ (یہ تنخواہ بیوہ کو عدت میں ہونے کی وجہ سے دی جاتی ہے)

2۔ لیو انکیشمنٹ (یہ 12 مہینے کی بیسک تنخواہ کے برابر ہوتی ہے، جو کہ فوت ہونے والے ملازم کی سروس سے چھٹیاں نکال کر 12 بنیادی تنخواہوں کے برابر ہوتی ہے)

3۔ جی پی فنڈ فائنل (جی پی فنڈ کی رقم فوت ہونے والے ملازم کی تنخواہ سے ہر مہینے کٹوتی ہوتی وہ کل رقم ملے گی)

4۔ گروپ انشورنس (دوران سروس وفات کی صورت میں گروپ انشورنس کی رقم سکیل کے حساب سے دی جاتی ہے جو کہ آپ آخری صفحہ پر دیکھ سکیں گے)

5۔ فوری مالی امداد (اس کو Financial Assistant کہتے ہیں جو کہ صرف فوت ہونے والے ملازم کو ملتی ہے، اس کی رقم بھی سکیل وائز ہوتی ہے، آخری صفحہ پر ملاحظہ کیجئے۔

6۔ پوری تنخواہ (سرکاری ملازم کے دوران سروس فوت ہونے کی صورت میں بیوہ کو ملازم کی ریٹائرمنٹ کی تاریخ تک پوری تنخواہ ملتی رہے گی اور اس میں ویسے ہی اضافہ ہو گا جیسے ایک حاضر سروس ملازم کی تنخواہ میں ہوتا ہے۔ ریٹائرمنٹ کی تاریخ کے بعد پنشن اور گریجویٹی ملے گی۔

7۔ کفن دفن گرانٹ (اس گرانٹ کی رقم گزیٹڈ ملازم کے لیے 20000 اور نان گزیٹڈ کے لیے 12000 ہے)

Scanned with CamScanner